# 25-05-2024 SATURDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ورنگل۔کھمم۔نلگنڈہ گریجویٹ ایم ایل سی حلقہ کے ضمنی انتخاب کے لئے مہم کا ہفتہ کی شام اختتام عمل میں آیا۔پیر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

۲۔تلنگانہ کے وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی نے یقین دہانی کروائی ہے کہ ریاستی حکومت تمام گرین انرجی کی پالیسیوں کی مدد کرے گی۔

۳۔ تلنگانہ بی جے پی مقنّنہ پارٹی لیڈر مہیشور ریڈی نے دھان اور باریک چاول کی خریداری میں بڑے پیمانے پر بے قاعدگیوں کی سی بی آئی جانچ کا مطالبہ کیا۔

اور

۴۔لوک سبھا انتخابات کے چھٹویں اور آخری مرحلہ کے لئے ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔اِس مرحلہ میں چھ ریاستوں اور دو مرکزی زیر انتظام علاقوں کی 58 پارلیمانی نشستوں کے لئے رائے دہی ہورہی ہے جس کا آغاز صبح سات بجے ہوا۔

☆☆☆

تلنگانہ کے وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی نے یقین دہانی کروائی ہے کہ ریاستی حکومت تمام گرین انرجی کی پالیسیوں کی مدد کرے گی۔انہوں نے حیدرآباد پریس کلب اور دیگر گرین آرگنائزیشنس کی جانب سے حیدرآباد میں آج دوپہر گرین انرجی پر ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے یقین دہانی کروائی کہ حکومت قابل تجدید توانائی کے ذرائع کے استعمال کی حوصلہ افزائی کرے گی۔بجلی کے شعبہ کے ماہرین عالمی حیاتیاتی تنوع کی برقراری کے لئے بیشتر توانائی کے وسائل کے درمیان توازن اور کرہ ٔارض کو موسمی تبدیلی کے اثرات سے بچانے پر زور دے رہے ہیں۔ایک اور تقریب میں وزیر موصوف نے حیدرآباد کو سرکردہ عالمی سرمایہ کاری کے مرکز میں تبدیل کرنے ریاستی حکومت کے مقصد کا اعلان کیا۔ایک مشہور تشہیری کمپنی کی جانب سے میاں پور میں منعقدہ ویسٹ حیدرآباد پراپرٹی ایکسپو 2024ء کے افتتاح کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے شہر کی بین الاقوامی ترقی اور رئیل اسٹیٹ کے شعبہ کے لئے حکومت کے تعاون پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ حکومت تلنگانہ بلڈنگ اور کنسٹرکشن انڈسٹری کی مدد کو جاری رکھے گی۔

☆☆☆

لوک سبھا انتخابات کے چھٹویں اور آخری مرحلہ کے لئے ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔اِس مرحلہ میں چھ ریاستوں اور دو مرکزی زیر انتظام علاقوں کی 58 پارلیمانی نشستوں کے لئے رائے دہی ہورہی ہے جس کا آغاز صبح سات بجے ہوا۔یہ رائے دہی شام چھ بجے تک جاری رہے گی۔تین بجے سہ پہر تک تقریباً 49 فیصد ووٹ ڈالے جاچکے ہیں۔اِس مرحلہ میں 889 امیدوار میدان میں ہیں۔سرکردہ امیدواروں میں جن کی قسمت کا فیصلہ ای وی ایم میں بند ہوجائے گا ان میں بی جے پی کے سینئر قائدین دھرمیندر پردھان، مینکا گاندھی، منوہر لال کھٹر، منوج تیواری، کانگریس کے قائدین دیپندر سنگھ حڈا، کماری شیلجا، راج ببر اور کنہیا کمار شامل ہیں۔سماج وادی پارٹی کے قائد دھرمندر یادو اور پی ڈی پی سربراہ محبوبہ مفتی بھی انتخابی میدان میں ہیں۔اسی طرح تیسرے مرحلہ میں اڈیشہ اسمبلی کی 42 نشستوں کے لئے ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔

☆☆☆

ریاست کے اضلاع کریم نگر، پداپلی، جے شنکر بھوپال پالی، ملگ، بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم، سوریہ پیٹ، محبوب آباد، ورنگل اور ہنمکنڈہ میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران بعض مقامات پر گرج وچمک اور طوفانی ہواؤں کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات نے اپنی رپورٹ میں کہا کہ آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران ریاست کے بعض مقامات پر ہلکی تا اوسط یا پھر گرج وچمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔اِس ماہ کی 27 تا 31 تاریخ کو تلنگانہ میں امکان ہے کہ موسم خشک رہے گا۔ آئندہ پانچ دنوں میں اعظم ترین درجہ حرارت میں بعض مقامات پر دو تا تین ڈگری کا اضافہ بتدریج ہوگا۔اعظم ترین درجہ حرارت 42.8 ڈگری سلسیس گزشتہ روز عادل آباد ضلع میں درج کیا گیا۔

☆☆☆

ضلع رنگاریڈی کے مہیشورم منڈل کے تو کوگوڑہ کی ایک کمپنی میں بڑے پیمانے پر آگ بھڑک اٹھی۔آج صبح آگ کا آغاز ہارڈویر پارک میں واقع ایک یونٹ میں ہوا۔ جس کو دیکھ کرورکرس دوڑ پڑے۔اطلاع ملتے ہی پانچ تا چھ فائر بریگیڈس نے وہاں پہنچ کر آگ پر قابو پایا۔

☆☆☆

تلنگانہ کے وزیرزراعت ٹی ناگیشورراوٴ نے کہا ہے کہ ریتو بھروسہ اورفصل پرانشورنس کی اسکیمات پرعمل کے لئے طریقہ کار کوحتمی شکل دینے کے لئے کسانوں کی ریاستی سطح کی تنظیموں سے رائے حاصل کی جائے گی۔ریاستی حکومت کے دواسپانسر کردہ اہم پروگراموں سے پہلے کسانوں کی تنظیموں کی نمائندوں کے ساتھ اجلاس منعقد کئے جائیں گے۔ وزیرموصوف نے کہا کہ بیشتر کسانوں کی تنظیموں بشمول کودنڈا ریڈی نائب صدر آل انڈیا کسان کانگریس، اَنویش ریڈی اوراین ویکٹیشورلو کے ساتھ اپنے دفتر کے چیمبر میں تبادلہ خیال کرتے ہوئے یہ بات کہی۔وزیرموصوف نے کہا کہ اِن پروگراموں کے تحت کسانوں کومدد کے لئے کابینہ حتمی فیصلہ کرے گی۔ضلع کی سطح پر کسان تنظیموں کے نمائندوں کی رائے ان کے ساتھ اجلاس منعقد کرتے ہوئے پہلے ہی لے لی گئی ہے۔

☆☆☆

ورنگل۔کھمم۔نلگنڈہ گریجویٹ ایم ایل سی حلقہ کے ضمنی انتخاب کے لئے مہم کا ہفتہ کی شام اختتام عمل میں آیا۔پیر کوووٹ ڈالے جائیں گے۔اس رائے دہی میں جملہ چارلاکھ 63ہزار 839 گریجویٹس حصہ لیں گے۔اِن میں دولاکھ 88ہزارمرداورایک لاکھ 75ہزارخاتون رائے دہندے تین متحدہ اضلاع میں ہیں۔الیکشن کمیشن نے رائے دہی کے مقصد کے لئے 605مراکز رائے دہی بنائے ہیں۔جملہ 52امیدوارانتخابی میدان میں ہیں۔اصل مقابلہ کانگریس،بی جے پی اور بی آر ایس میں ہے۔کانگریس نے نوین کمارعرف تین مار ملنا،بی جے پی نے جے پرمندرریڈی اور بی آرایس نے راکیش ریڈی کوامیدوار بنایا ہے۔ایم ایل اے کے طور پر بی آرایس کے راجیش ریڈی کے انتخاب کے بعدانہوں نے کونسل کی اِس نشست سے استعفیٰ دے دیا تھا،جس کے نتیجہ میں یہ نشست خالی ہوئی۔ووٹوں کی گنتی 5جون کوہوگی۔ پولیس نے رائے دہی کے پرامن انعقاد کے لئے وسیع تر سیکوریٹی انتظام کئے ہیں۔الیکشن کمیشن نے رائے دہی کے دن تمام اہل رائے دہندوں کے لئے خصوصی رخصتِ اتفاقی کا اعلان کیا۔

☆☆☆

تلنگانہ بی جے پی مقننہ پارٹی لیڈرمہیشورریڈی نے دھان اور باریک چاول کی خریداری میں بڑے پیمانے پر بے قاعدگیوں کاالزام لگاتے ہوئے کہا کہ وہ مرکز کوایک مکتوب روانہ کرتے ہوئے ریاست میں دھان کی خریداری میں بے قاعدگیوں کی سی بی آئی جانچ کے لئے خواہش کریں گے۔حیدرآباد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سی بی آئی جانچ کے لئے وزیراعظم مودی اورمرکزی وزیرداخلہ امیت شاہ کومکتوب روانہ کریں گے۔انہوں نے کہا کہ وہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی بے قاعدگیوں کی تفصیلات فراہم کریں گے جوان کے پاس ثبوت کے طور پرموجود ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ وزیراعلیٰ اس مسئلہ کی عدالتی تحقیقات کریں یا پھر کمیٹی کی تشکیل عمل میں لائیں۔انہوں نے سیول سپلائز کے سینئر عہدیداروں،ملرس،کنٹراکٹرس کے ساتھ سنڈیکیٹ بنانے کا وزیرسیول سپلائز اتم کمارریڈی پرالزام لگایا۔انہوں نے کہا کہ ایک پرائیوٹ ہوٹل میں خفیہ اجلاس منعقد کیا گیا تا کہ معاہدہ پردستخط کئے جائیں تا کہ دھان کی غیرقانونی خریدی کے منافع کی تقسیم ہوسکے۔

☆☆☆

حیدرآباد سنٹرل کرائم اسٹیشن کے بشیرباغ میں واقع دفتر کے باہر ساہتی سروانی ایلیٹ پراجکٹ کے بیشتر متاثرین نے احتجاج کیا اوران سے انصاف کا مطالبہ کیا۔ متاثرین نے نعرے بازی کرتے ہوئے پولیس کی جانب سے سخت کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ جائیدادخریدنے والوں سے رقم وصول کرتے ہوئے اِن سے دھوکہ کرتے ہوئے تلنگانہ میں خاطیوں نے سب سے بڑا ریئیل اسٹیٹ کا اسکام کیا۔واضح رہے کہ گروپ کے مینجنگ ڈائرکٹر نے دیگرڈائرکٹرس اور مارکیٹنگ کی ٹیم کے ساتھ امین پور میں پراجکٹ کے حصہ کے طور پراپارٹمنٹس کی تعمیر کا وعدہ کرتے ہوئے عوام کولالچ دیا تھااوررقم وصول کی تھی۔

☆☆☆

پرم ویر چکر صوبیدار میجر سنجے کمار نے سکندرآباد کنٹونمنٹ میں پرم ویر چکر پارک کا افتتاح کیا۔ تلنگانہ اور آندھرا سب ایریا کی جانب سے اس پارک کا قیام عمل میں لایا گیا تھا۔ 1971ء کی جنگ میں حصہ لینے والے فوجیوں، کارگل کی فوج میں حصہ لینے والے فوجیوں کے علاوہ جنرل آفیسر کمانڈنگ تلنگانہ اینڈ آندھرا سب ایریا کے علاوہ اہم شخصیتوں اور عہدیداروں نے تقریب میں شرکت کی۔ یہ پارک پرم ویر چکر ایوارڈ یافتہ افراد کی قربانیوں اور ان کی بہادری کو خراج کے طور پر قائم کیا گیا ہے۔

☆☆☆

ضلع نرمل کو بیر منڈل میں اعظم ترین درجہ حرارت 45.6 ڈگری سلسیس درج کیا گیا جبکہ نرمل ضلع کے مجیگی علاقہ میں درجہ حرارت 45.2 ڈگری سلسیس ریکارڈ گیا۔ شمالی تلنگانہ کے بیشتر مقامات پر آج درجہ حرارت 44 ڈگری سلسیس درج کیا گیا۔

☆☆☆

محکمہ اسکولی تعلیم نے تعلیمی سال 2024ء کے لئے تعلیمی کیلنڈر کو جاری کرتے ہوئے اعلان کیا کہ گرمائی تعطیلات کے بعد 12 جون کو اسکولس کھل جائیں گے۔ تعلیمی سال 229 کام کے دنوں پر مشتمل ہوگا۔ آخری کام کا دن 23 اپریل ہوگا۔ گرمائی تعطیلات کا آغاز 24 اپریل 2025ء سے ہوگا جو 12 جون کو ختم ہوں گی۔ دسویں جماعت کے امتحانات مارچ میں ہوں گے۔ دسہرہ کے تعطیلات 2 اکتوبر تا 14 اکتوبر ہوں گی۔